15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اسلامی افکار و نظریات + السیرہ والفضائل	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ انسان کو شرف انسانیت سے کیسے اور کیوں نوازا گیا ہے؟ تحریر کریں۔

2۔ انسانی مساوات کی کوئی ایک مثال تحریر کریں۔

3۔ حقوق کی اقسام کتنی اور کون کونسی ہیں؟ تحریر کریں۔

4۔ اسلام نے عالم انسان کو کیا کیا حقوق عطا کئے ہیں؟ مختصراً تحریر کریں۔

5۔ امریکہ کو آزادی کب اور کیسے نصیب ہوئی؟ تحریر کریں۔

6۔ احسان کا مفہوم دو لائنوں میں واضح کریں۔

7۔ میراث میں اسلام نے کیا اصول مقرر کیا؟ تحریر کریں۔

8۔ حقوق کی حقوق اللہ اور حقوق العباد میں درجہ بندی کیوں کی گئی؟

9۔ سماجی حقوق سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔

10۔ مساوات کے بارے حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔

11۔ بیواؤں اور مسکینوں کے بارے حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔

12۔ "لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ" ترجمہ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ یثرب کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے مہاجر کا نام تحریر کریں۔

2۔ یثرب میں حضور ﷺ کی آمد کی خبر کس نے دی؟ نام تحریر کریں۔

3۔ کن لوگوں کو زکوٰۃ دی جا سکتی ہے؟ کوئی سے چار مصارف تحریر کریں۔

4۔ غزوہ احد کب اور کہاں برپا ہوا؟ تحریر کریں۔

5۔ سن 6 ہجری کے کوئی سے دو اہم واقعات کے نام تحریر کریں۔

6۔ "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا" ترجمہ لکھیں۔

7۔ قیصر روم کو دعوت کے لیے خط دے کر حضور ﷺ نے کن صحابہ کو روانہ کیا؟

8۔ غزوہ خیبر کب اور کہاں ہوا؟ واضح کریں۔

9۔ قلعہ قموص کی فتح کے بارے دو لائنوں میں وضاحت تحریر کریں۔

10۔ غزوہ فدک کب اور کہاں پر ہوا؟ تحریر کریں۔

11۔ حضور ﷺ نے سیدنا خالد بن ولید کے بارے کیا دعا فرمائی؟ تحریر کریں۔

12۔ "مَنْ دَخَلَ دَارَ اَبِيْ سُفْيَانَ فَهُوَ اٰمِنٌ" ترجمہ لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. اسلام کے تصور حقوق کا امتیاز تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. عدل اور رواداری پر تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. مسلم فقہاء اور محققین نے طویل تفکر کے بعد مسلم قوم کے لیے جو راہنما اصول بنائے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. مسجد قباء کی تعمیر کے بارے تحریر کریں۔ نیز حضور ﷺ کے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بارے تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. مواخات مدینہ اور میثاق مدینہ پر تفصیلاً تحریر کریں۔

iii. سن 4 ہجری کے مشہور واقعات تفصیلاً تحریر کریں۔

15-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	اسلامی افکار و نظریات + السیرہ والفضائل	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نام طالبعلم:____________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ اسلام میں حقوق اور فرائض باہمی طور پر ہیں:

(الف) مضبوط (ب) مربوط (ج) مروجہ (د) غیر مربوط

2۔ اسلام کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ ہر شخص دوسرے کے حقوق کی ادائیگی کے لیے ہے:

(الف) تیار (ب) کمربستہ (ج) معاونت کرے (د) چاک وچوبند

3۔ اسلام نے فرد کے حقوق کے ساتھ ساتھ جامع احاطہ کیا ہے:

(الف) گھویلو حقوق کا (ب) معاشرے کے حقوق کا (ج) حقوق و فرائض کا (د) مثالی معاشرے کا

4۔ حضور ﷺ سے قبل عرب معاشرہ میں معمولی معمولی باتوں پر جاری ہو جاتی تھیں:

(الف) دشمنیاں (ب) لڑائیاں (ج) جنگیں (د) بغاوتیں

5۔ جب تک کسی معاشرے میں برداشت کا رویہ موجود نہ ہو تو وہاں تصور نہیں کیا جاسکتا:

(الف) عمل کرنے کا (ب) احترام کا (ج) قانون کا (د) حکومت کا

6۔ تم اس وقت تک نہیں حاصل کر سکتے نیکی کو جب تک تم خرچ نہ کرو:

(الف) محبوب چیز (ب) سستی چیز (ج) مہنگی چیز (د) اعلیٰ چیز

7۔ امور مملکت اور سیاست بندوں کے پاس ہیں:

(الف) بطور احسان (ب) بطور امانت (ج) بطور وراثت (د) بطور ملکیت

8۔ اسلامی ریاست کے قابل اعتماد اصحاب کی بیعت کو نام دیا گیا:

(الف) حکومت کا (ب) ریاست کا (ج) اہل شوکتہ کا (د) اہل عمل کا

9۔ ہر فرد پر درجہ بدرجہ ذمہ داریاں ڈالی گئیں کہلاتا ہے:

(الف) اصول (ب) تدریج (ج) اصولی اباحت (د) رخصت

10۔ امام کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ حدود کے نفاذ کو کرے:

(الف) لاگو (ب) معطل (ج) دور (د) اثرانداز

ورق الٹئے

11۔ حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو ہجرت کرنے کا حکم دیا:

(الف) حبشہ کی طرف (ب) ایران کی طرف (ج) شام کی طرف (د) یثرب کی طرف

12۔ ہجرت کی رات حضور ﷺ کے بستر مبارک پر آرام فرما ہوئے:

(الف) حضرت عثمان (ب) حضرت علی (ج) حضرت طلحہ (د) حضرت مصعب

13۔ مسجد قباء کی جگہ تھی:

(الف) حضرت ابو بکر کی (ب) حضرت مغیرہ کی (ج) کلثوم بن الھرم کی (د) حضرت جابر کی

14۔ امہات المؤمنین کے حجروں میں استعمال کیا گیا تھا:

(الف) لوہے کا (ب) تانبے کا (ج) پتھر کا (د) لکڑی کا

15۔ غزوہ ابواء میں صحابہ کرام شریک تھے:

(الف) 100 (ب) 200 (ج) 300 (د) 400

16۔ غزوہ بدر کو قرآن مجید نے تعبیر کیا ہے:

(الف) یوم الفرقان سے (ب) یوم الحساب سے (ج) یوم الجزاء سے (د) یوم الحشر سے

17۔ سیدہ صفیہ کا نکاح پہلے ہوا تھا:

(الف) حضرت طفیل سے (ب) حضرت جعفر سے (ج) حضرت خنیس سے (د) حضرت عفان سے

18۔ حضرت زینب بن خزیمہ کا وصال ہوا تھا:

(الف) 2ھ (ب) 3ھ (ج) 4ھ (د) 5ھ

19۔ دومۃ الجندل مدینہ منورہ سے دور ہے:

(الف) 400 میل (ب) 500 میل (ج) 600 میل (د) 700 میل

20۔ حضور ﷺ نے سلاطین کی طرف خطر روانہ فرمائے:

(الف) 7ھ (ب) 8ھ (ج) 9ھ (د) 10ھ